سوال نمبر ۷۔ آغا حشر کاشمیری کی پیدائش اور ابتدائی زندگی کے بارے میں معلومات فراہم کیجیے۔

سوال نمبر ۸۔ ڈرامہ ''انارکلی'' کو جدید اردو ڈرامے کا آغاز کیوں کہا جاتا ہے؟ اس کے اسلوب اور طرز تحریر کی خصوصیات بیان کیجیے۔



**A-1209**

**Total Pages : 4** **Roll No. ....................**

# BAUL(N)-102

## Bachelor of Arts (B.A.-23)

## Second Semester Examination, (Dec.,) 2024

## (Paper-1st "Dastan, Novel Aur Drama")

**بی.اے.اردو سمسٹر دوم ۔ پہلا پرچہ۔ داستان، ناول اور ڈرامہ**

**Time : 2 Hours** **Maximum Marks : 70**

**نوٹ:۔یہ پرچہ دو حصوں 'الف' اور 'ب' پر مشتمل ہے۔ ہر حصّے کے سوالوں کے جوابات متعلقہ ہدایات کے مطابق دیجیے۔**

**حصّہ (الف)**

**مندرجہ ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جوابات تحریر کیجیے۔ ہر سوال ۱۹ نمبر کا ہے۔** **2×19=38**

سوال نمبر ۱۔ داستان کے اجزائے ترکیبی میں قصہ، مرکزی کردار اور دیگر عناصر کا کیا کردار ہوتا ہے؟ ان اجزا کی ترکیب کیسے داستان کی تشکیل میں مدد دیتی ہے۔

سوال نمبر۲۔ اردو ناول کی ابتدا میں مافوق الفطرت عناصر کا کردار کیا تھا؟ ان عناصر کا اردو ناول کی ترقی پر کیا اثر پڑا؟

سوال نمبر۳۔ پلاٹ کی ترتیب ڈرامہ کے مرکزی خیال کو کیسے واضح کرتی ہے؟ تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر۴۔ ''باغ و بہار'' کے باب ''شروع قصّے کا'' میں انسانی عمل اور تقدیر کے تعلّق کو کس طرح بیان کیا ہے؟ اس کے مجموعی پیغام کو تفصیل سے واضح کیجیے۔

سوال نمبر ۵۔ ''فسانہ عجائب'' کے بارے میں رجب علی بیگ سرورؔ کی کیا خصوصیات ہیں جو اسے ادبی شاہ کار بناتی ہے؟ اس موضوع پر گہرائی سے وضاحت کیجیے۔

## حصّہ (ب)

**مندرجہ ذیل میں سے صرف چارسوالوں کے جوابات دیجیے۔ ہر سوال۸ نمبر کا ہے۔** **4×8=32**



سوال نمبر ا۔ ناول ''امراؤ جان ادا'' کے مرکزی کردار ''امراؤ جان ادا'' کی زندگی کے تشبیب و فراز کو اپنے الفاظ میں مختصر طور پر پیش کیجیے۔

سوال نمبر۲۔ نذیر احمد کی کوئی چار اہم تصنیفات کے نام لکھئے۔

سوال نمبر ۳۔ پنڈت رتن ناتھ سرشار کی شخصیت اور ادبی مزاج کے بارے میں کیا خاص باتیں ہیں اور ان کا لکھنوی تہذیب سے کیاتعلق تھا؟

سوال نمبر۴۔ داستان کو دل چسپ بتانے کے لیے کون سی تکنیکیں استعمال کی جاتی ہیں؟ مختصر بیان کیجیے۔

سوال نمبر ۵۔ ناول ''میدانِ عمل'' میں منشی پریم چند نے طبقاتی کشمکش کو کس انداز میں پیش کیاہے؟

سوال نمبر ۶۔ ''المیہ ڈرامہ'' کیا ہے اور اس کی خصوصیت کیاہے؟